اطاعت وفرمانبرداری کی تعلیم نہایت ہی سلیقے کے ساتھ دی گئی ہے۔ کتاب کو قرآنی آیات' احادیثِ رسولؐ' عربی اشعار اور داناؤں کے اقوال سے مزین کیا گیا ہے۔ کتاب حسن حقیقی کے علاوہ حسن ظاہری سے بھی آراستہ ہے۔ کتاب کا ٹائٹل دیدہ زیب' کاغذ عمدہ سفید اور کمپوزنگ اعلیٰ درجے کی ہے۔ والدین کے لیے یہ بہت بڑا تحفہ ہے۔ اس کتاب کے پڑھنے سے والدین کو کئی بھولے ہوئے سبق یاد آ جائیں گے جس سے وہ اپنے بچوں کی تربیت بہتر انداز سے کر سکیں گے۔ جب اولاد کی تربیت صحیح خطوط پر ہوگی تو وہ خود بخود والدین کے حقوق سے آگاہ ہو کر ماں باپ کے لیے آنکھوں کی ٹھنڈک بنے گی۔ مفتی صاحب کی یہ کوشش قدر کی نگاہ سے دیکھی جائے گی۔

(۲)

نام کتاب : میاں بیوی کے حقوق وفرائض

مصنف : مفتی حافظ محمد حسام اللہ شریفی

ضخامت : 148 صفحات ۔ قیمت: الوقف للہ

ملنے کا پتہ: مرکزی انجمن سہروردیہ F-137 سنٹرل ایونیو SITE کراچی

''میاں بیوی کے حقوق وفرائض'' مفتی حافظ محمد حسام اللہ شریفی کی بیش قیمت کتاب ہے جو اپنے موضوع کے ہر پہلو پر جامع معلومات فراہم کرتی ہے۔ میاں بیوی کو اپنے حقوق و فرائض سے واقف ہونا انتہائی ضروری ہے۔ ناروا شرم وحیا کی وجہ سے فریقین اپنے فرائض سے بے خبر رہ جاتے ہیں۔ اسی کا نتیجہ ہے کہ معمولی معمولی باتوں کی بنیاد پر نوبت طلاق تک جا پہنچتی ہے اور بہت سے گھر بے اتفاقی' عدم موافقت' جہالت اور لاعلمی کی وجہ سے مختلف قسم کی پریشانیوں اور جھگڑوں کا شکار ہو جاتے ہیں' جس کے بڑے بھیانک نتائج نکلتے ہیں۔ میاں بیوی کی زندگی تلخ ہو جاتی ہے' اولاد طرح طرح کے ذہنی انتشار کا شکار ہو کر بے راہ ہو جاتی ہے۔

مصنف نے اس کتاب کے ذریعے بہت سی ایسی چیزیں بتائی ہیں جو مردوں اور عورتوں کی بھاری اکثریت کے علم میں نہیں۔ مرد کی قوامیت اور عورت کی باوقار حیثیت کو بڑے ہی متوازن اور مؤثر انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ تمام باتیں قرآن وسنت کی روشنی میں واضح کی گئی ہیں۔